16/06/2026

09.25 AM (5 min)

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں...عابدہ اختر

PM

وزیر اعظم نریندر مودی سلوواکیہ کا دورہ مکمل کرنے کے بعد آج فرانس کے شہر Evian واپس پہنچ رہے ہیں جہاں وہ G7- اجلاس میں شرکت کریں گے

اجلاس کے حاشیے پرنریندر مودی پروگرام کے مطابق کنیڈا اور برطانیہ کے اپنے ہم منصب کے علاوہ متحدہ عرب امارات کے صدر کے ساتھ باہمی دلچسپی کے معاملات پر تبادلہ خیال کریں گے ۔

ایوارڈ

اس دوران سلوواکیہ کے صدر Peter Pellegrini نے وزیر اعظم نریندر مودی کو سلوواکیہ کے اعلیٰ ترین سٹیٹ ایوارڈ سے نوازا ۔

جتندر

وزیر اعظم کے دفتر میں وزیر مملکت ڈاکٹر جتندر سنگھ آج سرینگر میں عوامی شکایات اور پنشن کی وزارت کی جانب سے منعقد کئے جا رہے 59ویںپری ریٹائرمنٹ کونسلنگ ورکشاپ اور 13ویں بینکرس کے بیداری پروگرام کا افتتاح کریں گے ۔

مرکزی حکومت کے ریٹائر ہونے والے ملازمین کیلئے منعقد کیاجا رہا یہ ورکشاپ پنشنرس اور فیملی پنشنرکیلئے زندگی کی آسانی کو مستحکم کرنے کیلئے حکومت کے ویژن کی جانب ایک اہم قدم ہے ۔

صوبائی کمشنر

اس دوران ڈویژنل کمشنر کشمیرانشل گرگ نے شری امرناتھ جی یاترا کے احسن انعقاد کیلئے بالتل میں کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا۔

انہوں نے شردھالووں کیلئے محفوظ اور آرام دہ یاترا کے تجربے کو یقینی بنا نے کی ہدایت دی۔

گاندربل سدھانشوداما اور کئی دیگر محکموں کے افسران SSPڈپٹی کمشنر گاندربل جتن کشور، ان کے ہمراہ تھے۔

اطہر عامر

سری نگر، ڈاکٹر جی۔ وی۔ سندیپ SSPبڈگام کے ڈپٹی کمشنر اطہر عامر خان اور چکرورتی نے نوگام ریلوے اسٹیشن کا دورہ کیا اور شری امرناتھ جی یاترا کے پ

رامن اور منظم انعقاد کے لیے کیے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا۔±

ایل جی

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے لوک بھون میں ایک تقریب پر شری امرناتھ جی یاترا گائیڈ بک کے پندرھویں ایڈیشن کا اجرا کیا۔گائیڈ بک کا //رواں سال کا ایڈیشن یاتریوں کے لیے ایک اہم معلوماتی رہنما کے طور پر تیار کیا گیا ہے۔

اس میں سہولیات، حفاظتی ہدایات، یاترا کے ضوابط، رجسٹریشن کے طریقہ کار، طبی سہولیات، رہائش کے انتظامات اور ہنگامی رابطہ نمبروں سمیت لکھن پور سے گپھا تک دونوں راستوں سے متعلق جامع معلومات فراہم کی گئی ہیں۔

اس موقعے پر ایل جی نے عقیدتی سیاحت کے تجربے کو مزید بہتر بنانے کے لیے ٹورازم فیڈریشن آف جموں کی مسلسل کوششوں کو سراہا۔

ملاقات

معروف مصنف اور فلم ساز راجیش راجا نے کل لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی۔ملاقات کے دوران راجیش راجا نے نار کو ٹیرر ازم کے موضوع پر مبنی اپنی آئندہ فیچر فلم ”تلسی“ کا مختصر خاکہ پیش کیا۔

اس دوران جموں کشمیر ایران میڈیکل اسٹوڈنٹس پیرنٹس ایسوسی ایشن کے ایک وفد نے ایسو سی ایشن کے صدر سہیل قادری کی سربراہی میں لیفٹیننٹ گورنرسے ملاقات کی۔

دریں اثناجموں کشمیر کوآرڈی نیشن کمیٹی کے چیئرمین اور میونسپل کمیٹی ڈورو-ویری ناگ کے سابق صدر محمد اقبال آہنگر نے بھی لیفٹیننٹ گورنر سے ملاقات کی۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ایس کے آئی سی سی سری نگر میں کل منعقدہ ایک تقریب کے دوران محکمہ تعمیراتِ عامہ میں تقرری پانے والے 132نئے جونیئر انجینئروں میں نوکریوں کے آرڈر تقسیم کیے۔

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے اس دن کو نوجوان انجینئروں کی زندگی کا ایک اہم سنگِ میل قرار دیا اور ان سے تلقین کی کہ وہ اپنی تقرری کو محض ایک سرکاری ملازمت نہیں بلکہ جموں و کشمیر کے عوام کی خدمت کی ایک اہم ذمہ داری سمجھیں۔

سلاتھیہ

قانون ساز اسمبلی کے ممبرسرجیت سنگھ سلاتھیہ نے پبلک اکاو

نٹس کمیٹی کی ایک میٹنگ میں کمیٹی کے کام کو مزید ؤ مو

ثر اور منظم بنانے اور حکومت کے تمام شعبوں میں جوابدہی کے مضبوط نظام کو یقینی بنانے ؤ کے امور کا تفصیلی جائزہ لیا۔

میٹنگ میں مختلف محکموں کی کارکردگی اور احتسابی نظام کو مستحکم بنانے سے متعلق امور بھی زیر بحث آئے۔

تمتا

سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے مرکزی وزیر مملکت اجے تمتا نے کل جموں میں توی ریور فرنٹ پروجیکٹ پر جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیاموقع پر منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اجے تمتانے ریور فرنٹ کی تعمیر و ترقی میں شامل تمام متعلقہ اداروں اور فریقین کی کوششوں کو سراہا۔

اس موقع پر پارلیمنٹ ممبر جگل کشور شرما، راجیہ سبھا ممبرست پال شرما اور ایم ایل اے وکرم رندھاوا کے علاوہ دیگر سینئر افسران بھی موجود تھے۔

چنار کور

فوج کے چنار کور کے زیرِ اہتمام کپواڑہ ضلعے کے باغ بیلہ، ٹنگڈار میں سابق فوجیوں کی ایک خصوصی ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ اس میں سابق فوجیوں، ویر ناریوں اور ان کے اہلِ خانہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

شرکاءکو سابق فوجیوں کی فلاح و بہبود کے لیے جاری مختلف اسکیموں، پنشن سے متعلق سہولیات، طبی خدمات، ازسرِ نو روزگار کے مواقع اور دیگر مراعات کے بارے میں تفصیلی معلومات فراہم کی گئیں۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت16 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ20 اعشاریہ3ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ